## ہم نے قومی مفاہمت، ملک اور جمہوریت کی بقاء کیلئے اور ملک اور سندھ کے مفاد میں وزارت عظمیٰ کیلئے اپنے امیدوار کو پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں غیر مشروط طور پر دستبردار کیا ہے۔الطاف حسین

## ملک نازک دور سے گزر رہا ہے اور یہ انا پرستی کا نہیں بلکہ اتحاد و یکجہتی اور قومی مفاہمت پیدا کرنے کا وقت ہے

## نواز شریف بھی اپنی انا اور اپنی ذات کے بجائے ملک، ملک کی سلامتی اور اتحاد و اتفاق کیلئے سوچیں

## لندن میں ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام ایم کیوایم کے چوبیسویں یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔22 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک نازک دور سے گزر رہا ہے اور یہ انا پرستی کا نہیں بلکہ اتحاد و یکجہتی اور قومی مفاہمت پیدا کرنے کا وقت ہے لہٰذا ہم نے قومی مفاہمت، ملک اور جمہوریت کی بقاء کیلئے،ایک دوسرے کی مخالفت کے بجائے ایک دوسرے کا ساتھ دینے اور ملک اور سندھ کے مفاد میں وزارت عظمیٰ کیلئے اپنے امیدوار کو پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں غیر مشروط طور پر دستبردار کیا ہے۔ہم حکومت کے ہر مثبت اقدام کی حمایت کرینگے اور ملک کی بقاء کی خاطر اس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے لیکن غلط پالیسیوں پر مثبت انداز میں تعمیری تنقید کرینگے۔انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف ایم کیوایم کے بارے میں جو کچھ بھی کہیں اور اسے تسلیم کریں یا نہ کریں لیکن ہم میاں نواز شریف کے مینڈیٹ کو تسلیم کرتے ہیں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز لندن میں ایم کیوایم یو کے کے زیر اہتمام ایم کیوایم کے چوبیسویں یوم تاسیس کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ایم کیوایم کے کارکنوں، برطانیہ کے مختلف شہروں میں مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ 18 فروری کے عام انتخابات کے بعد ایم کیوایم واحد جماعت تھی جس نے ملک کی بقاء،قومی مفاہمت اور جمہوری قدروں کو آگے بڑھانے کیلئے پیپلز پارٹی کے کوچیئرمین آصف علی زرداری، مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف،عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی اور مسلم لیگ ق کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین کو نام لیکر انتخابات میں کامیابی پر کھلے دل سے مبارکباد پیش کی اور کامیاب ہونے والی جماعتوں کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا اور کہا کہ ہم حکومت کے مثبت کاموں میں رکاوٹ کھڑی نہیں کریں گے اور اپوزیشن میں بھی بیٹھے تو ڈیسکیں بجانے کے بجائے مثبت اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ہماری اس خیر سگالی کے جواب میں اگرچہ کسی نے ہمیں پلٹ کر مبارکباد تک پیش نہ کی لیکن ہم نے ملک اور قومی مفاہمت کی خاطر اسے انا کا مسئلہ نہیں بنایا، یہ ملک کیلئے نازک وقت ہے،اس وقت انا پرستی کی نہیں بلکہ ملک کو بچانے کی ضرورت ہے اور ملک کو محض فوج نہیں بچاسکتی بلکہ فوج اور عوام ملکر ملک کو بچاتے ہیں لیکن اس کیلئے ضروری ہے کہ عوام ایک آواز ہوں اور یہ اسی صورت میں ہوسکتا ہے جب عوام میں اتحاد ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران پیپلز پارٹی کے کوچیئرمین آصف علی زرداری کا مجھے دو مرتبہ فون آیا،انہوں نے درخواست کی تھی کہ پاکستان مسائلستان بنا ہوا ہے،ہمیں ملکی معیشت کو سنبھالنا ہے، پاکستان کی ترقی وخوشحالی،سندھ میں دیہی اور شہری آبادی کی خلیج کو کم کرنے کیلئے آپ اپنے امیدوار کو دستبردار کرلیں کیونکہ سندھ میں استحکام ہوگا تو پاکستان میں استحکام ہوگا لہٰذا ایم کیوایم نے قومی مفاہمت، ملک اور جمہوریت کی بقاء کیلئے،ایک دوسرے کی مخالفت کے بجائے ایک دوسرے کا ساتھ دینے اور ملک اور سندھ کے مفاد میں وزارت عظمیٰ کیلئے اپنے امیدوار کو پیپلز پارٹی کے امیدوار کے حق میں غیر مشروط طور پر دستبردار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم حکومت کے ہر مثبت اقدام کی حمایت کرینگے اور ملک کی بقاء کی خاطر اس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں گے لیکن غلط پالیسیوں پر مثبت انداز میں تعمیری تنقید کرینگے مگر ہنگامہ آرائی، بدتمیزی اور بیہودگی کرکے ایوانوں کا ڈیکورم نہیں توڑیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نواز شریف نے لندن میں اور پاکستان میں بھی ایم کیوایم کے بارے میں منفی خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کئی بار کہا ہے کہ ایم کیوایم سے بات نہیں ہوسکتی،ہم بھی نواز شریف کے بارے میں بہت کچھ کہہ سکتے ہیں لیکن ملک بہت نازک دور سے گزر رہا ہے جو انا پرستی کا تقاضہ نہیں کرتا۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف بھی اپنی انا اور اپنی ذات کے بجائے ملک، ملک کی سلامتی اور اتحاد و اتفاق کیلئے سوچیں۔انہوں نے کہا کہ نواز شریف ایم کیوایم کے بارے میں جو کچھ بھی کہیں اور اسے تسلیم کریں یا نہ کریں لیکن ہم نواز شریف کے مینڈیٹ کو تسلیم کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کو اسلئے تسلیم نہیں کیا جاتا کیونکہ ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جو پاکستان میں اسٹیٹس کو کو توڑنا چاہتی ہے اور ملک سے جاگیرداروں اور وڈیروں کی نسل درنسل حکمرانی کا خاتمہ کرکے غریب اور مڈل کلاس عوام کو انتظام حکومت میں لانا چاہتی ہے تاکہ انہیں بھی احساس شراکت ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضور اکرمؐ کا آخری خطبہء حجتہ الوداع ایم کیوایم کا منشور ہے کہ کسی عربی کو عجمی پر، عجمی کو عربی پر، گورے کو کالے پر، کالے کو گورے پر، آقا کو غلام پر، غلام کو آقا پر، امیر کو غریب پر غریب کو امیر پر کوئی فوقیت حاصل نہیں،فوقیت اسے حاصل ہے جو تقویٰ میں اعلیٰ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم حضور اکرمؐ کی تعلیمات کے مطابق ملک میں مساوات کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے اور زندگی کے ہر شعبہ میں اقرباء پروری کے بجائے میرٹ کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ حضورؐ نے فرمایا تھا کہ اقرباء پروری نہ کرنا، ایم کیوایم بھی اقرباء پروری پر یقین نہیں رکھتی، ایم کیوایم نے کئی بار الیکشن میں حصہ لیا لیکن

الطاف حسین کے بھائیوں، بھانجوں بھتیجوں کے بجائے کارکنوں کو میرٹ کی بنیاد پر ٹکٹ دیئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایم کیوایم کا اقتدار آیا تو ملک میں یکساں نظام تعلیم رائج کیا جائے گا، صوبوں کو ان کے جائز حقوق دیے جائیں گے اور اربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرانے والوں کی جائیدادیں فروخت کر کے ملک بھر کے دیہات میں اسکول، کالج، اسپتال اور انڈسٹریل ہومز قائم کئے جائیں گے۔ جناب الطاف حسین کے خطاب کی مزید تفصیلات کل جاری کی جائیں گی۔

## نبی کریمؐ محسن انسانیت اور رحمت اللعالمین بنکر دنیا میں تشریف لائے، الطاف حسین

## ایک ہی دن مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے مذہبی تہوار اس بات کا ثبوت ہے کہ حضور اکرمؐ تمام مذاہب کے ماننے والوں کیلئے رحمت بن کر آئے ہیں

## عید میلادالنبیؐ کے موقع پر قرآنی آیات اور درودتنجینا کی خوش الحانی سے تلاوت

لندن۔۔۔22، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ نبی کریمؐ محسن انسانیت اور رحمت اللعالمین بنکر دنیا میں تشریف لائے اور آپؐ نے حق پرستی کے چراغوں سے ظلم کی سیاہ رات کا خاتمہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار جناب الطاف حسین نے جمعہ کے روز لندن میں ایم کیوایم کے 24 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے یوم تاسیس سے زیادہ خوشی کی بات یہ ہے کہ آج سرکار دوعالمؐ کا یوم ولادت ہے جو محسن انسانیت اور رحمت اللعالمین بن کر دنیا میں تشریف لائے۔ انہوں نے کہا کہ نبی آخرالزماںؐ پر لاکھوں درود اور سلام جنہوں نے حق پرستی کے چراغوں سے ظلم کی سیاہ رات کا خاتمہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کا احترام اور سب کے ساتھ حسن سلوک سرکار دوعالمؐ کی تعلیمات کا حصہ ہے لیکن عاقبت نا اندیش علمائے سو نے دین اسلام اور نبی کریمؐ کی تعلیمات کو اس طرح غلط انداز سے پیش کیا کہ جیسے نعوذ باللہ دین اسلام اور نبی کریمؐ دہشت گردی کا درس سکھاتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سرکار دوعالمؐ دنیا بھر میں امن کے سچے پیمبر ہیں اور آپ کی ذات ہر ذی روح کیلئے رحمت کا باعث ہے۔ جناب الطاف حسین نے جمعہ کے روز تمام مذاہب کے ماننے والوں کو ان کے مذہبی تہوار کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج عجیب اتفاق ہے کہ ایک جانب لندن میں ایم کیوایم کا یوم تاسیس منایا جارہا ہے، آج ہی کے دن دنیا بھر کے مسلمان سرکار دوعالمؐ کی ولادت کا جشن منا رہے ہیں، مسیحی برادری ایسٹر کا تہوار منارہی ہے، ہندو برادری ہولی کا تہوار منارہی ہے جبکہ زرتشت مذہب کے ماننے والے جشن نوروز منارہے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حضور اکرمؐ تمام مذاہب کے ماننے والوں اور پوری انسانیت کیلئے رحمت بن کر آئے ہیں۔ اس موقع پر جناب الطاف حسین نے عید میلادالنبیؐ کے موقع پر قرآنی آیات اور درودتنجینا کی خوش الحانی سے تلاوت کی اور حاضرین سے درخواست کی کہ وہ بھی درود شریف کا ورد کریں انشاءاللہ آپ کی تمام جائز مرادیں پوری ہونگیں۔

## ملک کی سلامتی وبقاء اور بیمار افراد کیلئے الطاف حسین کی دعا

لندن۔۔22 مارچ 2008ء

ایم کیوایم یوکے یونٹ کے زیراہتمام متحدہ قومی موومنٹ کا 24 واں یوم تاسیس منایا گیا اس سلسلے میں جمعہ کی شب لندن کے علاقے ایجویئر میں وی آئی پی لاؤنج میں ایک تقریب کا انعقا کیا گیا جہاں برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خطاب کیا۔ اجتماع سے خطاب کے دوران جناب الطاف حسین نے انتہائی رقت آمیز دعا کی جس میں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ پاکستان میں جمہوریت کا جو دور چل نکلا ہے اس کو پروان چڑھائے، ہمیں ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی طاقت عطا فرما، ہمارے اندر ذاتی مفادات کے بجائے ہمارے دلوں میں ملک کے عوام اور ملک کی بقاء وسلامتی کے لئے کام کرنے کا جذبہ پیدا کر، ہم سب میں اتحاد پیدا کر، پاکستان کو اچھے، دیانتدار، ایماندار لوگ عطا فرما جو ملک کو اپنے پیروں پر کھڑا کرسکیں۔ جناب الطاف حسین نے بیمار افراد کیلئے بھی دعا کرتے ہوئے کہا کہ جو جو لوگ بیمار ہیں اللہ تعالیٰ انہیں صحت عطا فرمائے، اور جو لوگ مشکلات کا شکار ہیں اللہ تعالیٰ ان کی بھی مشکلات دور فرمائے۔ جبکہ اس موقع پر انہوں نے رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق کی والدہ مرحومہ سمیت حق پرست شہداء کے بلند درجاتا اور سوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعائیں بھی کیں۔

## لندن میں ایم کیوایم کے 24 ویں یوم تاسیس کی تقریب
## الطاف حسین اوران کی صاحبزادی افضاء الطاف نے خصوصی شرکت کی
## الطاف حسین کی آمد پرتقریب کے شرکاء کی جانب سے والہانہ استقبال،فلک شگاف نعرے

لندن۔۔۔22،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام لندن میں ایم کیوایم کا24واں یوم تاسیس روایتی جوش وخروش سے منایا گیا۔اس سلسلے میں جمعہ کی شام لندن کے علاقے ایجویئر میں واقع وی آئی پی لاؤنج میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اوران کی صاحبزادی افضاء الطاف حسین نے خصوصی شرکت کی ۔یوم تاسیس کی تقریب کے سلسلے میں ایم کیوایم یوکے یونٹ کی جانب سے خصوصی انتظامات کئے گئے تھے۔پنڈال کے چاروں جانب ایم کیوایم کے مختلف یونٹوں کی جانب سے مختلف زبانوں میں تحریر کئے گئے بینرز لگائے گئے تھے جن پر یوم تاسیس کے حوالہ سے خیرمقدمی کلمات تحریر تھے جبکہ تقریب کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اٹھار کھے تھے۔تقریب میں بنائے گئے اسٹیج پر پاکستان اورایم کیوایم کے پرچم نمایاں تھے جبکہ اسٹیج کے عقب میں بنائی گئی خوبصورت اسکرین پر جلی حروف سے MQM Anniversary 24 تحریر تھا جبکہ اسکرین کے دائیں اور بائیں جانب 18مارچ1984ءاور18،مارچ2008ء تحریر کیا گیا تھا۔تقریب میں لندن میں مقیم رابطہ کمیٹی کے ارکان،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین ،شعبہ خواتین کی ذمہ داران اورایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کے علاوہ پاکستان سے آنے والے رابطہ کمیٹی کے ارکان،سابق حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، سابق حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،نائب سٹی ناظمہ کراچی نسرین جلیل،ایم کیوایم کے مختلف ونگز اورشعبہ جات کے ذمہ داران،برطانیہ کے مختلف شہروں میں تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اور برطانیہ میں مقیم زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں نے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ بڑی تعداد میں شرکت کی۔ایم کیوایم کے یوم تاسیس کی تقریب کی کوریج کیلئے پرنٹ اورالیکٹرانک میڈیا کے نمائندے بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام سے پاک ہوا اور تقریب کی نظامت کے فرائض رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے انجام دیئے۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین جب اپنی صاحبزادی افضاء الطاف کے ہمراہ پنڈال میں داخل ہوئے تو تقریب کے شرکاء نے اپنی نشستوں سے کھڑے ہوکراورزبردست تالیوں کی گونج میں ان کا والہانہ استقبال کیا۔اس موقع پرایم کیوایم کا معروف ترانہ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین''بجایا گیا تو شرکاء نے تالیاں بجاکرترانے کا ساتھ دیااورفلک شگاف نعرے لگا کراپنے والہانہ جوش وخروش اور جناب الطاف حسین سے عقیدت ومحبت کا اظہارکیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے اسٹیج پرآکرشرکاءکوسلام کیااور ہاتھ ہلاکران کے پرجوش نعروں کا جواب دیا۔جناب الطاف حسین کے خطاب کے بعدشرکاءکوعشائیہ بھی دیا گیا۔

## ایم کیوایم لائنزایریاسیکٹرکے بزرگ کارکن اشفاق خان کے انتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔22،مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لائنزایریاسیکٹرکے بزرگ کارکن اشفاق خان کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے اشفاق خان مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابرکا شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے عوام کو حقوق دلائے گی، طارق جاوید

## 27 دسمبر کے بعد کراچی میں دہشت گردی کے خلاف انسانی حقوق کی تنظیموں اور وکلاء برادری نے مجرمانہ خاموشی اختیار کی

## 12 مئی کو کراچی میں کھیلی گئی خون کی ہولی میں عاصمہ جہانگیر براہ راست ملوث ہیں

## آئندہ سال ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس شاندار طریقہ سے منایا جائے گا

## لندن میں ایم کیوایم کے 24ویں یوم تاسیس کی تقریب سے مقررین کا خطاب

لندن۔۔۔22، مارچ 2008ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے کہا ہے کہ پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے باعث غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو کھل کر بات کرنے کی بھی آزادی نہیں ہے اور ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے ملک بھر کے عوام کو ان کے جائز حقوق دلائے گی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز لندن میں ایم کیوایم کے 24 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تقریب سے رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان نے بھی خطاب کیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے طارق جاوید نے کہا کہ ایم کیوایم آج 24 سال کی جوان ہوچکی ہے اور اس کی عوامی مقبولیت میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے اور آج قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے 25، سندھ اسمبلی میں 51 اور آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں 2 حق پرست نمائندے موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلے سے متاثرہ افراد کی عملی خدمت کی ہے اور اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر متاثرین کو امدادی اشیاء فراہم کی ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج بھی آزاد کشمیر میں ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کا طبی کیمپ قائم ہے جو مستحقین کو طبی امداد فراہم کررہا ہے۔قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ ایم کیوایم کو ختم کرنے کیلئے اس کے خلاف میڈیا پر زہریلا پروپیگنڈہ کیا گیا۔انسانی حقوق کی نام نہاد تنظیموں اور وکلاء برادری کی جانب سے 12 مئی کے واقعہ کی تمام تر ذمہ داری ایم کیوایم پر عائد کی گئی اور میڈیا کے ذریعے ملک بھر میں ایم کیوایم کی کردار کشی کی گئی لیکن 27 دسمبر کو بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد کراچی میں کی جانے والی دہشت گردی اور قتل وغارتگری کے خلاف انسانی حقوق کی تنظیموں اور وکلاء برادری نے مجرمانہ خاموشی اختیار کرکے کھلی عصبیت کا ثبوت دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم موروثی سیاست کے خلاف ہے اور دیگر جماعتوں کی طرح انتخابات میں بھائی بہنوں، بھانجوں، بھتیجوں اور دیگر رشتہ داروں کو انتخابی ٹکٹ نہیں دیتی۔انہوں نے کہا کہ تمام تر سازشوں کے باوجود ایم کیوایم کامیابیوں کے ریکارڈ قائم کررہی ہے اور انشاءاللہ 2013ء کے انتخابات میں ایم کیوایم مزید تاریخی کامیابیاں حاصل کرے گی۔رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 مئی کو کراچی میں کھیلی گئی خون کی ہولی میں عاصمہ جہانگیر سمیت بعض نامور شخصیات براہ راست ملوث ہیں۔انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کی چیمپئین عاصمہ جہانگیر نے 11 مئی کو انہیں فون کرکے کہا کہ ایم کیوایم کل ریلی نہ نکالے کیونکہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ کل کراچی میں خون خرابہ کرایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اگر عاصمہ جہانگیر کو علم تھا کہ 12 مئی کو کراچی میں خون خرابہ ہوگا تو انہوں نے افتخار محمد چوہدری کو ریلی نکالنے سے منع کیوں نہیں کیا؟ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کے سانحہ میں ایم کیوایم کے 14 کارکنان شہید کئے گئے لیکن میڈیا نے جانبداری کا مظاہرہ کیا اور حقائق جاننے کی کوشش نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستانی میڈیا کی طرح برطانوی اور بین الاقوامی میڈیا نے بھی ایم کیوایم کے خلاف شرانگیزی کی کیونکہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لینے والی جماعت ہے جس نے اسٹیٹس کو، کو چیلنج کیا ہے۔رابطہ کمیٹی کے رکن سید طارق میر نے کہا کہ آئندہ سال ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس شاندار طریقہ سے منایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کی خدمت کا جذبہ لیکر سیاست کے میدان میں آئی ہے اور عوام کو بااختیار بناکر انکی حالت بہتر بنانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے منتخب عوامی نمائندے ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز خدمت میں مصروف ہیں اور حق پرست قیادت کے ترقیاتی منصوبوں کو دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے۔رابطہ کمیٹی کے رکن محمد اشفاق نے کہا کہ ایم کیوایم کی ترقی کا سفر جاری ہے اور حالیہ انتخابات میں عوام نے ایم کیوایم کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حالیہ انتخابات میں پورے ملک میں ایک لاکھ سے زائد ووٹ حاصل کرنے والے اراکین اسمبلی کی تعداد 22 ہے جس میں سے 13 ارکان کا تعلق ایم کیوایم سے ہے جبکہ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے پہلے 9 ارکان بھی ایم کیوایم سے تعلق رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف نے ملک بھر میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے کا ریکارڈ قائم کیا ہے جو کہ ایم کیوایم یوکے یونٹ کی کمیٹی کے رکن تھے۔تقریب سے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ایک مشن اور مقصد کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور کامیابی کے حصول تک حق پرستی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

# ایم کیوایم کے 24ویں یوم تاسیس کے پروگرام کی جھلکیاں

لندن۔۔22مارچ2008ء

☆......متحدہ قومی موومنٹ یو کے یونٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے 24ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں جمعہ کی شب لندن کے علاقے ایجویئر میں وی آئی پی لاؤنج میں اجتماع منعقد کیا گیا جس میں دنیا بھر سے آئے ہوئے ایم کیوایم کے کارکنان اور برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اجتماع سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے فکر انگیز اور تاریخی خطاب کیا۔

☆......وی آئی پی لاؤنج میں ایک خوبصورت اسٹیج بنایا گیا تھا جہاں قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے ارکان تشریف فرما تھے جبکہ اسٹیج کے پیچھے اسکرین آویزاں کی گئی تھی جس پر جلی حروف سے ایم کیوایم کا 24یوم تاسیس مبارک ہو تحریر تھا۔

☆......اجتماع میں حاضرین کیلئے نشستوں کا انتظام کیا گیا تھا۔اجتماع میں ایم کیویم برطانیہ کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں کے علاوہ برطانیہ میں مقیم ،بزرگوں،نوجوانوں،خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں شرکت ۔

☆......پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کی سعادات حافظ مسرور صاحب نے حاصل کی ۔

☆......پروگرام کے نظامات ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے انتہائی اسلوبی سے انجام دیئے اس دوران انہوں نے مختلف اشعار بھی پڑے جس پر حاضرین نے انہیں دل کھول کر داد دی۔

☆......ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹھیک 9:30 پر پنڈال میں تشریف لائے تو ان کا حاضرین نے کھڑے ہوکر تالیوں اور نعروں کی گونج میں پر تپاک استقبال کیا،اس موقع پر ایم کیوایم کا مشہور ترانہ،''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین''بجایا گیا جس کا حاضرین نے ایک آواز ہوکر ساتھ دیا جبکہ جناب الطاف حسین نے اسٹیج پر آکر حاضرین کے نعروں کا ہاتھ ہلا کر جواب دیا۔

☆......جناب الطاف حسین نے اجتماع سے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے طویل خطاب کیا جس میں انہوں نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

☆......اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے عید میلاد النبی کے حوالے سے خصوصی طور پر سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی اور درود پاک کا ورد کیا۔جبکہ انہوں ل نے عید میلاد النبی،ایسٹر اور ہولی پر مبارکباد بھی پیش کی۔

☆......اجتماع سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید،ارکان طارق میر،محمد انور،سلیم شہزاد،محمد اشفاق،اور ایم کیوایم یو کے کے آرگنائزر سلیم دانش نے بھی خطاب کیا۔جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی،مصطفیٰ عزیز آبادی،ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن قاسم علی رضا اور یو کے یونٹ کے کشمیری کارکن ساجد امین نے انقلابی نظمیں پڑھیں۔

☆......پنڈال میں ایم کیوایم برطانیہ کے مختلف یونٹوں کی جانب سے اردو،انگیریزی،سندھی اور دیگر زبانوں میں بڑی تعداد میں بینرز آویزاں کئے گئے تھے جس میں انقلابی اشعار،خیر مقدمی نعرے اور مختلف کلمات تحریر تھے۔

☆......اجتماع میں ایم کیوایم کی شعبہ خواتین کی ارکان وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر خواتین ایم کیوایم کے پرچم کے رنگ کے دوپٹے اور چوڑیاں پہن رکھی تھیں اور ان کا جوش قابل دید تھا۔

☆......اجتماع میں کراچی سٹی کی حق پرست نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل،گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست ناظم محمد واسع جلیل،سائٹ ایریا کے ٹاؤن ناظم اظہار احمد خان اور جمشید ٹاؤن کے یوسی نائب ناظم الطاف ذکر نے بھی شرکت کی۔

☆......اجتماع میں پاکستان سے آئے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شکیل عمر،نیک محمد،وسیم آفتاب،سابق حق پرست وزراء،قومی وصوبائی اسمبلی کے ارکان شمیم صدیقی،محمد حسین،ایم اے جلیل،شاکر علی،عباس جعفری،محمد زاہد قریشی اور یونس منصوری،کراچی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج حماد صدیقی،کے ایم اوسی کے انچارج عبدالخالق بلوچ،رکن یوسف منیر شیخ،الیکشن سیل کے رکن نوید شمسی اور مختلف ونگرز اور شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی خصوصی شرکت کی۔

☆......وی آئی پی لاوج کے داخلی راستے پر ایک اسٹال بھی لگایا گیا تھا جہاں جناب الطاف حسین کی تحریر کردہ کتابیں،تحریکی لٹریچر اور مختلف کتابیں مناسب قیمت پر دستیاب تھیں۔

☆......پنڈال میں الیکٹرونک وپرنٹ میڈیا کے نمائندہ گان کیلئے خصوصی نشستوں کا انتظام کیا گیا تھا۔

☆......اجتماع میں دانشور،شعراء،وکلاء ڈاکٹرز،اور دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔

## 12 ربیع الاوّل جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر ایم کیوایم گوجرانوالہ کے تحت محفلِ میلاد کا انعقاد

گوجرانوالہ۔۔۔22، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ ضلع گوجرانوالہ کے تحت مرکزی ضلع آفس میں 12 ربیع الاوّل جشن عید میلادؐ کے موقع پر محفل میلاد ﷺ منعقد کی گئی جس میں حق پرست خواتین ، بزرگوں اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔محفل میلاد کی پرنور تقریب میں ایم کیوایم گوجرانوالہ کے ضلعی صدر چوہدری عبدالکریم ٹو کے خان، رکن ارشد محمود ربانی کے علاوہ مقامی ذمہ داران اور کارکنان نے بھی شرکت کی۔محفلِ میلادؐ کے سلسلے میں ایم کیوایم گوجرانوالہ کی جانب سے خصوصی انتظامات کیے گئے تھے۔اس سلسلے میں ایم کیوایم کے ضلعی دفتر کے سامنے پنڈال بنایا گیا تھا۔محفلِ میلادؐ کا باقاعدہ آغاز حافظ عمر فاروق نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ بعدازاں سمیع اللہ نے بارگاہ رسالت میں ہدیہ نعت پیش کیا جبکہ ضلعی سیکریٹری محمد عمران جٹ نے سیرت نبویؐ پر روشنی ڈالی۔آخر میں سرکار دوعالمؐ کے حضور سلام عقیدت پیش کیا گیا اور تقریب کے شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

## اشفاق خان، محمد خالد اور پروین اختری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ افسوس

کراچی۔۔۔22، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 ایلڈرز ونگ کے کارکن اشفاق خان، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن مصباح الدین کے بھائی محمد خالد اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن پرویز رانا کی والدہ پروین اختری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆